NATIONAL TRIANGULAR T20
WOMEN'S CRICKET CHAMPIONSHIP

BLASTERS CHALLENGERS DYNAMITES

# نیشنل ٹرائینگولر ٹی ٹونٹی ویمنز کرکٹ چیمپیئن شپ فائنل پی سی بی چیلنجرز نے جیت لیا

**راولپنڈی، یکم دسمبر 2020ء:**

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلے جانے والی نیشنل ٹرائینگولر ویمنز کرکٹ چیمپیئن شپ پی سی بی چیلنجرز نے جیت لی ۔پی سی بی چیلنجرز نے فائنل میں پی سی بی ڈائنامائٹس کو 7 رنز سے شکست دی۔

پی سی بی چیلنجرز کو ٹاس جیت کر پی سی بی ڈائنامائٹس نے پہلے کھیلنے کی دعوت دی۔ پی سی بی چیلنجرز نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 133 رنز بنائے۔ وحیدہ اختر 11 اور فاطمہ ثناء 24 رنز بناکر ناٹ آوٹ رہیں۔ صدف شمس اور منیبہ علی نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 15 رنز جوڑے۔ کپتان منیبہ علی 9 رنز بناکر آوٹ ہوئیں۔ صدف شمس نے 18 رنز بنائے۔

کائنات حفیظ نے 27 گیندوں پر 31 رنز تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے بنائے۔ بسمہ معروف 12 گیندوں پر 18 رنز بناکر آوٹ ہوئیں۔

پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سے سبحانہ طارق نے چار اوورز میں 37 رنز دے کر تین کھلاڑیوں کو پویلین بھیجا۔ نشرہ سندھو اور رامین شمیم نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

ہدف کے تعاقب میں پی سی بی ڈائنامائٹس مقرر 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 126 رنز بنا سکی۔ ناہیدہ خان نے 39، عائشہ ظفر نے 1، حفصہ خالد نے 20، عمیمہ سہیل نے 12 اور ارم جاوید نے 15 رنز بنائے۔ کائنات امتیاز 29 گیندوں پر دو چوکوں کی مدد سے 32 رنز بناکر ناٹ آوٹ رہیں۔
پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے سیدہ عروب شاہ نے دو جبکہ ایمن انور، فاطمہ ثناء، اور ندا ڈار نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

کائنات حفیظ پلئیر آف دی میچ قرار پائیں۔ کائنات امتیاز کو آل راونڈ پرفارمنس پر پلئیر آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا انھوں نے ٹورنامنٹ میں 111 رنز بنائے اور تین وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

**ABOUT NATIONAL TRIANGULAR T20 WOMEN'S CRICKET CHAMPIONSHIP 2020:**

- *PCB Blasters, PCB Challengers and PCB Dynamites will feature in the tournament*

- *Seven matches, including the final, will be played from 22 November to 1 December at the Pindi Cricket Stadium, Rawalpindi. Schedule available here*

- *The winner of the tournament will receive PKR1million while the runner-up will collect PKR500,000*

- *The PCB will live-stream all seven matches on its YouTube channel, through a nine-camera production.*

- *The PCB will provide action photos for editorial use only. Master link available here*